# سپورٹس ٹائمز

## اشون نے ریفری اینڈی پائکرافٹ کی حمایت کی



نئی دہلی، 21 ستمبر (یواین آئی) ہندوستان کے سابق آف اسپنر روی چندرن اشون نے میچ کے بعد ہندوستانی کھلاڑیوں کے پاکستانی کھلاڑیوں سے ہاتھ نہ ملانے کے تنازع کے درمیان میچ ریفری اینڈی پائکرافٹ کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ زمبابوے کا عہدیدار کوئی 'اسکول ٹیچر' نہیں ہے اور وہ صرف غیر ضروری تماشے سے بچنے کے لیے اپنا کردار بہ خوبی نبھارہے تھے۔ گزشتہ اتوار کو جب ہندوستانی کھلاڑیوں نے ایشیاکپ میچ کے بعد پاکستانی کھلاڑیوں سے ہاتھ نہیں ملایا، تب پائکرافٹ میچ ریفری تھے۔ کپتان سوریہ کمار یادو نے ٹاس کے وقت پاکستانی کپتان سلمان علی آغا سے ہاتھ نہیں ملایا جس کے بعد پائکرافٹ کو اس تنازع میں گھسیٹا گیا تھا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کو دو ای میلز بھیجے۔ اس نے پہلے پائکرافٹ کو ٹورنامنٹ سے ہٹانے کی درخواست کی اور پھر انہیں اپنے میچوں سے باہر کرنے کا مطالبہ کیا۔ تاہم، آئی سی سی نے دونوں مطالبات مسترد کر دیے۔ اشون نے اپنے یوٹیوب چینل 'ایش کی بات' پر کہا، "اینڈی پائکرافٹ نے واقعی سب کو گھٹیا تماشا دیکھنے سے بچا لیا۔ ہندوستان نے میچ ریفری کو پہلے ہی بتادیا تھا کہ یہ ہمارا فیصلہ ہے اور ہم اس پر عمل کریں گے۔ بس۔ اتنا سارا تماشا کرنے کے بعد آپ (پاکستان) میچ ہار گئے۔ تو پھر آپ کس بات کی شکایت کررہے ہیں۔" انہوں نے کہا، "وہ کوئی اسکول ٹیچر نہیں ہیں۔ وہ کوئی پرنسپل نہیں۔ وہ جاکر سوریہ سے یہ نہیں کہہ سکتے تھے کہ آؤ ہاتھ ملاؤ۔ یہ ان کا کام نہیں ہے۔ آخر پائکرافٹ کی کیا غلطی ہے۔" آئی سی سی نے پی سی بی کے اس دعوے کو مسترد کر دیا کہ پائکرافٹ نے کھیل کے جذبے کی خلاف ورزی کی ہے۔ آئی سی سی نے واضح کیا کہ وہ صرف وہی کہہ رہے تھے جو ایشین کرکٹ کونسل کے ایونٹ وینیو مینیجر نے کہا تھا۔ اشون نے کہا کہ ہندوستانی کھلاڑی صرف اپنے بورڈ کی ہدایات پر عمل کر رہے تھے اور پائکرافٹ کو جو معلومات دی گئی تھیں وہ مبہم نہیں تھیں۔ انہوں نے پاکستان کے معافی مانگنے کے مطالبے پر بھی سخت اعتراض کیا۔ انہوں نے کہا، "اگر میں اینڈی پائکرافٹ ہوتا، تو آپ مجھ سے معافی مانگتے۔ میں کس بات کے لیے معافی مانگتا۔"




## ہمیں یقین تھا کہ ہم کہیں سے بھی جیت سکتے ہیں: مندھانا

نئی دہلی، 21 ستمبر (یواین آئی) دہلی میں تیسرے ون ڈے میں جب آسٹریلیا نے بیتھ مونی کی شاندار سنچری کی بدولت ہندوستان کو 413 رن کا بڑا ہدف دیا تو بہت کم لوگوں نے ہی سوچا ہوگا کہ ہندوستانی ٹیم ہدف کے اتنے قریب پہنچ جائے گی اور جیتنے کی کوشش کرے گی۔ لیکن ڈریسنگ روم میں یہ اعتماد شروع سے ہی موجود تھا، جس کی وجہ سے ہندوستانی ٹیم ایک موقع پر میچ جیتنے کے دہانے پر نظر آرہی تھی اور انہوں نے آسٹریلیا کو آخر تک سخت ٹکر دی۔ ہندوستانی اوپنر اسمرتی مندھانا، جنہوں نے 63 گیندوں میں 17 چوکوں اور پانچ چھکوں کی مدد سے 125 رنز کی ریکارڈ ساز اننگ کھیلی، کہا کہ ٹیم کو شروع سے ہی یقین تھا کہ وہ ہدف کا تعاقب کریں گے۔ میچ کے بعد کی پریس کانفرنس میں مندھانا نے کہا، "اننگ کے وقفے کے دوران، ہم صرف اس حقیقت کے بارے میں بات کررہے تھے کہ وکٹ فلیٹ ہے اور آؤٹ فیلڈ کافی تیز ہے، اس لیے ہم ہدف کا تعاقب کرسکتے ہیں۔ ہمارے پاس بھی بیٹ ہے اور ہم بھی یہاں کرکٹ کھیلنے آئے ہیں۔ آپ لوگوں (باؤلرز) نے اپنی بہترین باؤلنگ کی اور انہیں روکنے کی کوشش کی۔ ہم بھی اپنی پوری کوشش کریں گے اور ان رنوں کو حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔ ٹیم میں اعتماد ہمیشہ کافی اوپر تھا۔" "ہم یہ 413 رنز کا ہدف واقعہ حاصل کرنا چاہتے تھے کیونکہ یہ ٹیم کا کردار دکھاتا۔ تاہم، درمیان میں چند وکٹیں گر گئیں۔ میں فل ٹاس میں آؤٹ ہوئی، ریچا (گھوش) بد قسمتی سے رن آؤٹ ہو گئیں اور کچھ چیزیں ہمارے حق میں نہیں گئیں۔ لیکن مجھے اس ٹیم پر فخر ہے۔" جس طریقے سے سب نے اس پوری سیریز میں کارکردگی دکھائی ہے، وہ ٹیم کا کیریکٹری دکھاتا ہے۔ آسٹریلیا کے 412 رنوں کے جواب میں، ہندوستان ایک مرحلے پر 20 اوورز میں دو وکٹ پر 206 رنز پر تھا۔ ہندوستان کی نائب کپتان اور کپتان ہرمن پریت کور کے درمیان 69 گیندوں میں 121 رنوں کی شراکت ہوچکی تھی اور ٹیم کا رن ریٹ 10 سے اوپر تھا تاہم 21 ویں اوور میں ہرمن پریت کا وکٹ گر گیا اور اگلے اوور میں مندھانا بھی پویلین میں تھیں۔ مندھانا کے آؤٹ ہونے کے بعد ہندوستان کی وکٹیں گرتی رہیں اور ایسا لگ رہا تھا کہ شاید ٹیم میچ میں مزید ٹکر نہ دے سکے۔ لیکن پھر دیپتی شرما نے اسنیہ رانا کے ساتھ مل کر آٹھویں وکٹ کے لیے 54 گیندوں میں 65 رنز کی شراکت کے ساتھ ہندوستان کی امیدوں کو زندہ رکھا۔ مندھانا نے کہا کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ٹیم کا ہر کھلاڑی میچ ونر ہے۔ انہوں نے کہا، "نہ صرف 11 بلکہ ٹیم کے تمام 15 کھلاڑی میچ ونر ہیں۔ مجھے نہیں لگتا کہ ٹیم کا کوئی کھلاڑی مجھ پر یا کسی اور پر کوئی دباؤ ڈال رہا ہے۔ جب آپ اپنے ملک کی نمائندگی کرتے ہیں تو کوئی دباؤ نہیں ہوتا ہے۔ یہ ہمارا فرض ہوتا ہے اور دوسری بات یہ کہ مجھے اس ٹیم پر مکمل اعتماد ہے کہ ہم کسی بھی وقت میچ جیت سکتے ہیں۔ پچھلے 12 مہینوں میں ہم نے مسلسل 300 یا اس کے اوپر اسکور بنایا ہے اور پرتیکا (راول)، ہرلین (دیول)، جمائمہ (روڈریگس) اور ہرمن (ہرمن پریت سنگھ) سب نے سنچریاں بنائی ہیں۔ اس لیے یہ ٹیم کسی ایک پر منحصر نہیں ہے۔ مندھانا نے اس میچ میں صرف 50 گیندوں میں سنچری بنائی اور ہندوستان کی طرف سے سب سے تیز ون ڈے سنچری (مردوں اور خواتین کرکٹ ملاکر) والی بلے باز بن گئیں۔ یہ خواتین کی ون ڈے کرکٹ میں بھی میگ لیننگ (45 گیند) کے بعد دوسری سب سے تیز سنچری ہے۔ اس کے علاوہ وہ ویمنز ون ڈے میں لیننگ (15 سنچری) کے بعد دوسری زیادہ سنچری (13) بنانے والی کھلاڑی بھی بن گئی ہیں۔

## ایس اے آئی سونی پت ناک آؤٹ مرحلے میں جگہ بنانے والی پہلی ٹیم بن گئی



جالندھر، 21 ستمبر (یواین آئی) اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا (ایس اے آئی) نیشنل سینٹر آف ایکسیلنس، سونی پت نے پنجاب ہاکی لیگ (انڈر 21) کے دوسرے ایڈیشن میں ناک آؤٹ مرحلے میں جگہ بنانے والی پہلی ٹیم بن کر تاریخ رقم کردی۔ اولمپین سرجیت سنگھ ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے 12 ویں دن کے مقابلے میں سونی پت نے گھمن ہیرا ائرز ہاکی اکیڈمی کو 1-9 سے شکست دے کر یہ کامیابی حاصل کی۔ اس جیت کے ساتھ ایس اے آئی سونی پت نے 12 میچوں سے 33 پوائنٹس حاصل کرکے ناک آؤٹ مرحلے میں اپنی پوزیشن مضبوط کرلی ہے، جبکہ راؤنڈ گلاس ہاکی اکیڈمی نے دن کے پہلے میچ میں پی آئی ایس سرجیت ہاکی اکیڈمی کو ہرا کر 29 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر اپنی دعویداری برقرار رکھی۔ ایس اے آئی سونی پت نے سب سے نچلے درجے پر موجود گھمن ہیرا ائرز ہاکی اکیڈمی پر شروع سے ہی دبدبہ قائم رکھا۔ انکوش نے چوتھے منٹ میں گول کرکے کھاتہ کھولا اور سنیٹ نے پہلے کوارٹر کے خاتمے سے قبل برتری کو دگنا کر دیا۔ دوسرے کوارٹر میں سرجن یادو نے لگاتار دو گول کرکے ہاف ٹائم تک اسکور 0-4 کر دیا۔ تیسرے کوارٹر کے آغاز میں انکوش نے پینلٹی کارنر کو گول میں تبدیل کرکے پانچواں گول کیا، حالانکہ 33 ویں منٹ میں کنال سنگھ نے گھمن ہیرا کے لیے ایک گول واپس کیا۔ لیکن ایس اے آئی نے نیرج کے گول سے برتری کو دوبارہ 1-6 کر دیا۔ آخری کوارٹر میں سنیل، نیتن اور نیرج (اپنے دوسرے گول کے ساتھ) نے مل کر 1-9 کی شاندار جیت یقینی بنائی اور ٹیم کو ناک آؤٹ مرحلے کا ٹکٹ دلوایا۔ اسی دوران راؤنڈ گلاس ہاکی اکیڈمی نے کپتان گرسیوک سنگھ کی ہیٹ ٹرک کی بدولت پی آئی ایس سرجیت ہاکی اکیڈمی کو 2-3 سے ہرا کر سرفہرست پوزیشن کی دوڑ میں اپنی امیدیں برقرار رکھیں۔ گرسیوک نے 14 ویں منٹ میں پہلا گول کیا، جس کے بعد پی آئی ایس نے 18 ویں منٹ میں ابھیشیک گورکھی اور 36 ویں منٹ میں ہرمول بیر سنگھ کے گول سے 1-2 کی برتری حاصل کرلی۔ تاہم، آخری کوارٹر میں گرسیوک نے تیزی سے دو اور گول کرکے راؤنڈ گلاس کو جیت دلوائی اور ٹیم 29 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر برقرار رہی، جبکہ پی آئی ایس سرجیت 16 پوائنٹس کے ساتھ چوتھے درجے پر رہا۔

## دبئی میں ریل کبڈی لیگ اپنا دم دکھائے گی



دبئی، 21 ستمبر (یواین آئی) ہندوستانی کبڈی کو عالمی شناخت دلانے کے لیے ریل کبڈی لیگ (آر کے ایل) دسمبر 2025 میں دبئی میں اپنے پہلے بین الاقوامی ایڈیشن کے ساتھ تاریخ رقم کرنے کے لیے تیار ہے۔ ہندوستان، ایران، بنگلہ دیش، متحدہ عرب امارات اور آسٹریلیا کی ٹیمیں اس باوقار ٹائٹل کے لیے عالمی معیار کے انڈور ایرینا میں زبردست مقابلہ کریں گی۔ شوبھم چوہدری کی جانب سے قائم کردہ آر کے ایل کا مقصد بنیادی صلاحیتوں کو نکھارنا اور کبڈی کو عالمی پلیٹ فارم پر قائم کرنا ہے۔ لیگ کے سفیر، یوتھ آئیکن رنوجے سنگھ اور کبڈی کے لیجنڈ راہل چوہدری اس دیسی کھیل کو دنیا بھر میں مقبول بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ سنگھ نے کہا، "کبڈی میں عالمی کھیل بننے کی مکمل صلاحیت موجود ہے، اور ہم اسے دبئی میں حقیقت بنائیں گے۔" وہیں، چوہدری نے جوش و خروش کا اظہار کرتے ہوئے کہا، "یہ لیگ نوجوان صلاحیتوں کو نکھارنے کا موقع دے گی اور کبڈی کو گاؤں سے عالمی پلیٹ فارم تک لے جائے گی۔" لیگ کو قومی اور بین الاقوامی سرپرستوں کی مضبوط حمایت حاصل ہے۔ شیوسینا-این ڈی اے کے قومی رابطہ کار ڈاکٹر ابھیشیک ورما نے کہا، "کبڈی ہندوستان کی ثقافت اور ٹیم ورک کی علامت ہے۔ آر کے ایل کے ذریعے ہم اسے عالمی پلیٹ فارم پر لے جارہے ہیں۔" وہیں، ممتاز اماراتی تاجر اور عالمی سرپرست راشد الجبتور نے کبڈی کی ثقافتی طاقت کی تعریف کرتے ہوئے کہا، "یہ کھیل ثقافتوں کو جوڑتا ہے اور نوجوانوں کو متاثر کرتا ہے۔" دبئی اسپورٹس کونسل کے تعاون سے منعقد ایک کامیاب نمائشی میچ کے بعد، آر کے ایل-انٹرنیشنل اب مکمل طور پر تیار ہے۔ جدید پروڈکشن اور تفریح کے ساتھ یہ ایونٹ ناظرین کے لیے ایک ناقابل فراموش تجربہ ہوگا۔ بانی شوبھم چوہدری نے کہا، "آر کے ایل صرف ایک ٹورنامنٹ نہیں، بلکہ کبڈی کو عالمی پلیٹ فارم پر اس کا حق دلانے کی تحریک ہے۔" دسمبر 2025 میں ہونے والا یہ افتتاحی ایڈیشن کبڈی کے عالمی سفر میں ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔

## ایگا سویٹیک نے کوریا اوپن جیت کر سال کا تیسرا خطاب اپنے نام کیا

نئی دہلی، 21 ستمبر (نیوز ڈیسک) سیول میں کھیلے گئے کوریا اوپن کے فائنل میں عالمی نمبر 2 ایگا سویٹیک نے شاندار واپسی کرتے ہوئے ایکاٹیرینا الیگزنڈرووا کو تین سیٹوں کے سنسنی خیز مقابلے میں 1-6، 7-6(3-7)، 5-7 سے شکست دے کر سال 2025 کا تیسرا اور اپنے کیریئر کا 25 واں ٹائٹل جیت لیا۔ اس کامیابی کے بعد وہ عالمی نمبر ون ارائنا سابالینکا کے مزید قریب پہنچ گئی ہیں سویٹیک نے اس ٹورنامنٹ میں شاندار فارم دکھائی۔ کوارٹر فائنل میں باربورا کریجکووا کو 0-6، 3-6 سے اور سیمی فائنل میں مایا جوائنٹ کو 0-6، 2-6 سے باآسانی شکست دی۔ تاہم فائنل میں انہیں سخت امتحان سے گزرنا پڑا، جہاں پہلا سیٹ ہارنے کے بعد انہوں نے دوسرا سیٹ ٹائی بریک پر جیتا اور پھر فیصلہ کن سیٹ میں اعصاب پر قابو رکھتے ہوئے دو گھنٹے تیس منٹ میں کامیابی حاصل کی یہ کامیابی سویٹیک کے لیے نہ صرف جذباتی لمحہ تھی بلکہ ان کے والد کے لیے بھی اہمیت رکھتی ہے جنہوں نے اولمپکس میں کبھی جیت حاصل نہیں کی تھی۔ میچ کے بعد انہوں نے کہا کہ "مجھے نہیں معلوم میں نے یہ کیسے جیتا، میں بس زندہ رہنے کی کوشش کررہی تھی۔ یہ جیت میرے لیے اور میرے خاندان کے لیے خاص ہے۔" اس جیت سے سویٹیک نے 500 پوائنٹس حاصل کیے اور ان کا مجموعی اسکور 8,433 ہوگیا ہے، جس سے وہ سبالینکا سے صرف 2,792 پوائنٹس پیچھے ہیں۔




## ساتوک-چراغ کو چاندی کے تمغے سے اکتفا کرنا پڑا



ننگبو، 21 ستمبر (یواین آئی) ساتوک سائی راج رنکیریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی کو لی-ننگ چائنا ماسٹرز 2025 میں چاندی کے تمغے سے اکتفا کرنا پڑا۔ ساتوک-چراغ کو عالمی نمبر ایک جوڑی کوریا کے کم وون ہو اور سیو سیونگ جے سے 45 منٹ تک جاری رہنے والے سخت فائنل میں 21-19، 21-15 سے ہار کر چاندی کے تمغے سے مطمئن ہونا پڑا۔ ساتوک اور چراغ شیٹی نے سیمی فائنل میں دو بار کے اولمپک تمغہ جیتنے والے ملائیشیا کے آرون چیا اور سوہ ووئی یک کو ہرا کر فائنل میں جگہ بنائی تھی، لیکن وہ فائنل میں اپنی کارکردگی کو دہرا نہ سکے۔ یہ ساتوک-چراغ کی چائنا ماسٹرز کے فائنل میں دوسری شرکت تھی۔ اس سے قبل وہ 2023 کے ایڈیشن میں بھی رنر اپ رہے تھے۔ اس سے قبل، انہوں نے پیرس میں اپنا دوسرا عالمی چیمپئن شپ کانسی کا تمغہ بھی حاصل کیا تھا۔

## کرس گیل نے بلے بازی سے خود کو ثابت کرکے اپنی صلاحیت کا لوہا منوایا



نئی دہلی، 21 ستمبر (یواین آئی) کامیاب بننے کے لیے سب سے اہم چیز لگن، جذبہ اور شوق ہونا چاہئے۔ اگر انسان میں کچھ کرنے کا جذبہ ہو تو کامیابی خود بخود اس کے قدم چومتی ہے۔ یہ لازمی نہیں کہ جس کے پاس دولت ہو، صرف وہی زندگی میں کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔ ایک غریب خاندان کا بچہ بھی اپنی قسمت بدل سکتا ہے۔ جی ہاں کنگسٹن میں ایک غریب خاندان میں پیدا ہونے والے ایک عظیم کرکٹر کرس گیل کی آج سالگرہ ہے۔ ویسٹ انڈیز کا وہ قد آور، مایہ ناز آل راؤنڈر کھلاڑی جسے 'کالی آندھی' بھی کہاجاتا ہے، کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔ جب کوئی کرکٹر میدان پر بلے بازی کرنے کے لئے اترے اور اس کے اعزاز میں پورا اسٹیڈیم تالیوں سے گونج اٹھے، تو سمجھ لینا چاہئے کہ اس کھلاڑی کا کتنا اہم مقام ہے۔ کرس گیل کے بارے میں یہ بات مشہور ہے کہ جب تک وہ کریز پر رہتے ہیں، حریف ٹیم کی حالت نازک رہتی ہے۔ کرس گیل ویسٹ انڈیز ٹیم کے یہ ایک ایسے بلے باز ہیں جنہوں نے کرکٹ کے تینوں فارمیٹس میں کئی بڑے ریکارڈ بنائے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ان کے پاس ٹی ٹوئنٹی میں ایسے بھی متعدد ریکارڈز موجود ہیں جس کو حاصل کرنے کے لئے ہر بلے باز ایک خواب دیکھتا ہے۔ کرس گیل 21 ستمبر 1979 کو کنگسٹن جمیکا میں پیدا ہوئے۔ ان کا پورا نام کرسٹوفر ہنری گیل ہے۔ گیل کے والد پولیس افسر تھے۔ اس مایہ باز کیریبین بلے باز کھلاڑی نے اپنی زندگی میں اپنی بہترین پرفارمینس اور کارکردگی سے ایک اونچا مقام بنایا ہے۔ لیکن اس مقام تک پہنچنے میں گیل کو اپنی زندگی بہت جدوجہد سے گزرنا پڑا۔ اس کا بچپن غربت اور بے بسی میں گزرا اور اس محنت کش کھلاڑی نے پیٹ بھرنے کے لیے کیا کیا جتن نہ کئے۔ ان کی وہ مشقت، وہ جدوجہد اور محنت ہی تو ہے جس کے بل بوتے پر آج کرس گیل اپنے کروڑوں مداحوں کے دلوں پر راج کررہے ہیں۔ گیل کا بچپن غربت اور ناکامی میں گزرا۔ ان کا خاندان ایک جھونپڑی میں گذر بسر کرتا تھا۔ مالی تنگدستی کی وجہ سے انہوں نے کالج کا چہرہ تک نہیں دیکھا۔ ہائی اسکول کے بعد پڑھائی درمیان ہی میں چھوڑنی پڑی۔ کرس گیل کی زندگی میں ایک طرف مالی مجبوریاں تھیں تو دوسری طرف کرکٹر بننے کا خواب تھا۔ کرکٹ اکیڈمی میں شمولیت حاصل کرنے کے لئے پیسے نہیں تھے۔ ان تمام پریشانیوں اور مجبوریوں کے باوجود گیل نے ہمت نہیں ہاری۔ غربت کے سامنے ان کی جدوجہد اور محنت جیت گئی۔ کرس گیل کے کرکٹ کیریئر کا آغاز لوکا کرکٹ کلب سے ہوا۔ اس وقت کرس گیل پہلی بار انڈر 19 میں کھیلے تھے۔

